| 1۔دسمبر | سالِ اوّل آمد کے ایام | منگل |
|---|---|---|



| مقدس چارلس دی فوکو کا یومِ شہادت | رنگ جامنی |
|---|---|

اشعیا 11:1۔10 زبور 71

لوقا 10:21۔24

**مرکزی آیت: ''یسوع روح القدس میں مسرور ہوا۔'' لوقا 10:21**

یسوع اپنے آپ کو ان بہتّر شاگردوں کے سامنے پاتے ہیں جو اس مشن سے واپس آئے ہیں جو خود یسوع نے انہیں سونپا تھا۔ وہ یسوع کے ساتھ ان عجیب چیزوں کا ذکر کرتے ہیں، جو انہوں نے دیکھی تھیں۔ لیکن یسوع نے ان کے لئے ایک ایسا بڑا، مسلسل ظاہر ہونے والا معجزہ دیکھتا ہے، جو شاگردوں کی زندگیوں کو گھرے ہوئے ہے۔ کہ باپ ان چھوٹوں سے محبت کرتا ہے جنہیں بڑے لوگ رد کر دیتے ہیں۔ یہی چھوٹے لوگ خدائی محبت کے بھیدوں کے راز پائیں گے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اشعیا 25:6۔10
زبور 22
رنگ جامنی
متی 15:29۔37

**مرکزی آیت: ''اس نے سات روٹیاں اور پانچ مچھلیاں لیں اور شکر ادا کیا۔'' متی 15:36**

بیماروں کو شفا دینے کے بعد، جب ہجوم خدا کی تمجید کرتا ہے، تو یسوع اپنی شفقت کو محسوس کرتے ہیں۔ وہ شاگردوں کے پاس دستیاب محض سات روٹیوں کو لیتے ہیں اور ان میں باپ کے حضور اپنی پُر اعتماد دعا یوں شامل کرتے ہیں کہ ان سات روٹیوں اور پانچ مچھلیوں سے ہجوم میں شامل تمام مرد، عورتیں اور بچے سیر ہو کر کھاتے ہیں۔ تو ثابت ہوتا ہے کہ جو چیز شاگردوں کو سیر کرتی ہے، وہی ہر ایک کو سیر کر سکتی ہے۔ لہذا شاگردوں کو کسی اور چیز کی تلاش نہیں کرنی چاہیے، بلکہ جو کچھ ان کے پاس ہے، اسی میں اپنی پُر اعتماد دعا کا اضافہ کرنا چاہیے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................




## مقدس فرانسس زیوئر

رنگ جامنی/سفید

اشعیا26:1۔6

زبور117

متی7:21،24۔27

**مرکزی آیت:''خداوند ایک ابدی چٹان ہے۔'' اشعیا26:4**

اشعیا نبی ہمیں ایسی حوصلہ افزأ تصویر پیش کرتا ہے۔ جسے بعد میں یسوع نے اپنی ایک تعلیم کو مکمل کرنے کے لئے اختیار کیا۔ یہ وہ چٹان ہے جس پر یسوع گھر تعمیر کرتا ہے، بلا شبہ ایک ایسے شہر میں جو خود خدا ہے اور جہاں زندگی اور پناہ ملتی ہے۔ خدا دور نہیں ہے۔ یسوع میں اس نے اپنے آپ کو ہمارے قریب کر لیا ہے اور ہمیں اپنا کلام دیا ہے تاکہ ہم اس کے مطابق زندگی گزار کر تمام آفتوں پر غالب آسکیں۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## مقدس جان آف دامشین

رنگ جامنی/سفید

اشعیا29:17۔24

زبور26

متی9:27۔31

**مرکزی آیت: ''تیرے ساتھ تیرے ایمان کے مطابق ہو۔'' متی9:29**

دو نابینا افراد نے وہ الفاظ پوری قوت سے بولے جو صرف ایمان ہی سکھا سکتا ہے۔ یعنی: ''اے داؤد کے بیٹے، ہم پر رحم کر!'' یسوع نے ان کی آواز سنی۔ اور ان سے کہا کہ وہ اپنی خواہش کو واضح الفاظ میں بیان کریں۔ پھر یسوع نے ان کی بے نور آنکھوں کو چھوا اور ان کے ایمان کا تصدیقی کلمہ دہرایا۔ دراصل ان نابینا افراد کا ایمان ہی زندگی کا حقیقی نور ہے، جو ان کی آنکھوں کو بھی روشنی عطا کرتا ہے۔

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

اشعیا 30:19۔21،23۔26 زبور 146

رنگ جامنی

متی 9:35؛10:1،6۔8

مرکزی آیت: ”یہی راستہ ہے، اسی پر چلو۔“ اشعیا 30:21

اشعیا نبی خوشی کے دنوں کا وعدہ کرتا ہے۔ ”تمہیں پھر کبھی رونا نہ پڑے گا۔“ یعنی یوں ہوگا کہ تم اپنے استاد کو دیکھو گے، جو تمہیں سچائی کا وہ راستہ دکھائے گا۔ جو جسم اور جان کی حقیقی بھلائی کا راستہ ہے۔ اور یہ وہی ہمارا استاد یسوع ہے جو بادشاہی کی خوشخبری سناتا اور ہر بیماری اور کمزوری سے شفا دیتا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ وہ دوسروں کو بھی اس امر کے لئے تیار کرتا ہے کہ وہ شفا دینے کی خدمت کو صدیوں تک جاری رکھیں۔ مزید برآں یسوع ہم سے اس امر کے لئے بھی دعا کرنے کا مطالبہ کرتا ہے کہ سیدھا راستہ دکھانے والوں کی کبھی کمی نہ ہو۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

| 6۔دسمبر | سالِ دوئم آمد کا دوسرا اتوار | اتوار |
|---|---|---|

اشعیا40:1۔5،9،11 زبور84

2۔پطرس3:8۔14 مرقس1:1۔8

رنگ جامنی

**مرکزی آیت: ''وہ تمہیں روح القدس سے بپتسمہ دے گا۔'' مرقس1:8**

یوحنا اصطباغی اس آنے والے کا راستہ تیار کر رہا تھا، جو روح القدس سے بپتسمہ دے گا۔ یسوع کا کلام اور کام تب آپ میں مؤثر ہوگا جب آپ یوحنا کی سنیں گے۔ یعنی توبہ کرنے کی دعوت اور اپنی بری عادتیں بدلنے کی نصیحت کو قبول کریں گے۔ آپ خدا کے احکام کی پیروی کریں گے۔ اور پھر یسوع آپ پر باپ کی محبت کی روح انڈیل سکے گا۔

.............................................................................

.............................................................................

.............................................................................

.............................................................................

.............................................................................

.............................................................................

.............................................................................

.............................................................................

.............................................................................

.............................................................................

.............................................................................

.............................................................................



## مقدس امبروز

رنگ جامنی یا سفید

اشعیا35:1۔10

زبور84

لوقا5:17۔26

### مرکزی آیت: ''ڈرومت، حوصلہ رکھو۔'' اشعیا35:4

اشعیا نبی یسوع کے استقبال کے لئے زمین ہموار کرتا ہے۔ وہی ہے جو اندھوں کی آنکھیں اور بہروں کے کان کھولے گا۔ پس حوصلہ رکھو، خوف نہ کرو۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ ایک مفلوج کو یسوع کے سامنے اتارا جاتا ہے۔ یسوع اس شخص کی معذوری کو خاطر میں نہیں لاتا۔ کیونکہ اس سے بھی بری چیز وہ گناہ ہے جو اس شخص کو جکڑے ہوئے ہے۔ لیکن وہ شخص یسوع پر اپنے ظاہر کردہ ایمان سے اس گناہ پر بھی غالب آسکتا ہے۔

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................



## مقدسہ مریم کا بے داغ حمل میں لیا جانا

رنگ سفید

تکوین 3:9۔15،20
زبور 97
افسیوں 1:3۔6،11۔12
لوقا 1:26۔38

**مرکزی آیت: ''شادمان ہو، خداوند تمہارے ساتھ ہے۔'' لوقا 1:28**

مقدسہ مریم کے ساتھ فرشتہ کا پہلا کلام وہی ہے جو انبیاءً کرتے آئے ہیں۔یعنی مسیح کے استقبال کی تیاری کرنے کا پیغام اور خوشی منانے کی پرزور دعوت۔مقدسہ مریم نے دنیا کو یہ دکھانا ہے کہ اس سے پیدا ہونے والا بیٹا، اگرچہ خطرے اور دکھ و اذیت کا سامنا کرے گا، پھر بھی وہ زندگی، سلامتی اور دائمی خوشی کا سرچشمہ ہوگا۔یہی انجیل یعنی ہر ایک کے لئے خوشخبری ہے۔چونکہ مریم گناہ کو نہیں جانتی، اس لئے اس کے ڈرنے یا خوف کھانے کی کوئی وجہ نہیں۔

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................



| رنگ سفید/جامنی | مقدس جان ڈائیگو |
|---|---|

اشعیا40:25۔31 زبور102

متی11:28۔30

**مرکزی آیت: ''مجھ سے سیکھو، کیونکہ میں حلیم اور فروتن دل ہوں۔'' متی11:29**

اشعیا نبی اعلان کرتا ہے کہ ''جو خداوند پر امید رکھتے ہیں، وہ دوبارہ طاقت حاصل کرتے اور تھکے بغیر دوڑتے ہیں۔'' اور آج یہی بات یسوع ہمیں بتاتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ ہم تھکے ہوئے، حتیٰ کہ ظلم وستم کا شکار اور دلگیر ہیں۔ اس صورتِ حال میں وہ ہمیں دعوت دیتا ہے کہ وہی ہمارا مداوا ہے۔ ہم اسی کے قریب رہیں گے۔ اور اپنے خدا باپ کی طرح حلیم اور فروتن بننا سیکھیں گے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................



## خاتونِ لوریتو

رنگ جامنی یا سفید

اشعیا 41:13۔20

زبور 144

متی 11:11۔15

**مرکزی آیت: ''ڈرو مت، میں تمہاری مدد کروں گا۔'' اشعیا 41:13**

آمد کا وقت نبوتوں کو سننے کا وقت ہے۔ کیونکہ یہ اس کے انتظار کا وقت ہے، جس کا آنا ضرور ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ نبیوں کی پیشنگو یوں کے مطابق اسے آنا ہی ہے۔ آج اشعیا نبی ہمیں یقین دلاتا ہے۔ کہ ہماری واجبی سزا کے باوجود خداوند ہمیں سزا دینے نہیں آتا۔ بلکہ ہمیں پستی سے اوپر اٹھانے کے لئے آتا ہے۔ وہ ہمارے لئے ایسی وافر خوشی لائے گا، جس کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے۔ انجیل اس خوبصورت خوشی، بھلائی اور زندگی کی کثرت کو آسمانی بادشاہت کا نام دیتی ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



**مقدس ڈاماسس اوّل، پاپائے اعظم**

**رنگ جامنی**

**اشعیا48:17۔19**

**زبور1**

**متی11:16۔19**

**مرکزی آیت: ''تیری نسل ریت کے ذروں کی مانند ہو گی۔'' اشعیا48:19**

اشعیا نبی لوگوں کی ملامت کرتا ہے: ''کاش میں توجہ اور دھیان دیتا۔'' یہ تکلیف اور مشکلات خود بخود نہیں آئیں، بلکہ وہ انسان کی نافرمانی کی وجہ سے آئی ہیں۔ اگر کسی کی اولاد نہیں تو قصور خدا کا نہیں، بلکہ اس گناہ کا ہے جو انسان سے سرزد ہوا۔ لہذا اپنے خداوند کے انتظار میں رہیں کہ وہ کب ہماری سنتا ہے۔ وہ ہمیں اس صورتِ حال سے نکلنے کے لئے قیمتی اشارے اور علامتیں دے گا۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................



## خاتون گوادالوپے، مقدس جین فرانسس دی شنتال

رنگ جامنی

یشوع بن سیراخ 48:1۔4، 9۔11

زبور 79

متی 17:10۔13

## مرکزی آیت: ''الیاس پہلے ہی آ چکا ہے۔'' متی 17:12

یسوع الیاس کی بات کرتا ہے، جو ایک طاقتور اور بہادر نبی تھا۔ وہ پہلے ہی آ چکا ہے۔ مگر انہوں نے اسے قبول نہ کیا۔ درحقیقت یوحنا اصطباغی بھی الیاس کی طرح نبوت اور سچائی کی روح سے بھرپور تھا۔ تمام نبیوں کی طرح وہ بھی خدا کے مسیح کے لئے راستہ تیار کر رہا تھا۔ میں ان لوگوں کا لحاظ رکھوں گا جو مجھے ڈانٹتے ہیں، جیسے یوحنا نے ہیرودیس کو ڈانٹا تھا۔ تادیب سچی محبت کی علامت ہے۔

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

| 13۔دسمبر | سال دوم عام ایام آمد کا تیسرا اتوار | اتوار |
|---|---|---|

اشعیا 61:1۔2،10۔11 زبور: لوقا 1:46۔50،53۔54

رنگ گلابی یا جامنی

1۔طیطس 5:16۔24 یوحنا 1:6۔8،19۔28

## مرکزی آیت: ''اس نے نور کی گواہی دینا تھی۔'' یوحنا 1:8

انجیل ہمیں یوحنا اصطباغی سے متعارف کرواتی ہے۔صحرا میں اس کے پاس جانے والے لوگوں کو یوحنا اپنے بارے میں نہیں بلکہ یسوع کے بارے میں بتاتا تھا۔یسوع ہی اس کے دل و دماغ پر قابض تھا۔کیونکہ یسوع ہی ان گنہگار لوگوں کا نجات دہندہ تھا جو اس کے سامنے کھڑے تھے۔کیونکہ وہی دنیا کو وہ نئی روشنی دے گا، جو سب کچھ ویسا ہی دکھاتی ہے جیسا خدا دیکھتا ہے۔یہ سب کچھ باپ کی محبت کا تحفہ تھا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................




## صلیب کا خادم مقدس یوحنا

رنگ جامنی

نحمیاہ 24:2۔7، 15۔17 زبور 24

متی 21:23۔27

## مرکزی آیت: ''یوحنا کا بپتسمہ کہاں سے تھا؟'' متی 25:21

جو اس پر شک کرتے تھے، یسوع ان سے یوحنا بپتسمہ دینے والے کی بات کرتا ہے۔ یسوع کو اس بارے میں کوئی فریبِ نظر یا وہم نہیں تھا کہ جو کوئی یوحنا کو نہیں جانتا، اسے بھی نہیں جان پائے گا۔ اس حوالے سے ہم یہ سیکھ لیں کہ جو کوئی مریم سے محبت نہیں کرتا وہ یسوع سے بھی سچا پیار نہیں کرتا۔ اسی طرح جو کلیسیا سے محبت نہیں کرتا، وہ یسوع سے بھی کامل پیار نہیں کرتا، چاہے وہ قسم کھا کر ہی اقرار کرے کہ وہ یسوع سے محبت کرتا ہے۔ ایسی محبت کیا محبت ہے؟ یہ اپنی ذات کے خیالات کی محبت ہے، نہ کہ خداوند کے سرانجام دیئے گئے کاموں سے محبت!

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

صفن یاہ 3:1۔2،9۔13 زبور 33

رنگ جامنی

متی 21:28۔32

## مرکزی آیت: ''پھر پچھتا کر گیا۔'' متی 21:29

یسوع تمثیلیں دینا پسند کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ طریقہ خدا کی تادیب کو سمجھنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔اس سلسلے میں ایک تمثیل دیکھئے۔ دو بیٹوں کو ان کے باپ نے ایک ایسا مشکل کام کرنے کی دعوت دی۔ جوان دونوں کے لئے بھی فائدہ مند تھا۔ بتایئے کہ ان دونوں میں سے کون باپ کی مرضی پوری کرتا ہے؟ وہ جو صرف وعدہ کرتا ہے یا وہ جو عمل کرتا ہے؟ یقین کریں کہ آسمانی بادشاہت میں ہم بہت خوبصورت چیزیں دیکھیں گے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اشعیا45:6۔8، 18، 21۔25 زبور84

رنگ جامنی

لوقا7:19۔23

**مرکزی آیت: ''میں خداوند ہوں، میرے سوا اور کوئی نہیں۔'' اشعیا45:21**

انسان عادتاً اپنے عقائد، آسائشوں یا لذتوں کو دیوتاؤں کی طرح سمجھتے ہیں۔ ہمیں اس نبوت کی ضرورت ہے اطاعت کرنے کے قابل واحد خداوند وہی ہے جس نے خود کو ابراہیم، موسیٰ اور آخرکار اس یسوع کے ذریعے ہم پر ظاہر کیا۔ جو خدا کے کام سرانجام دیتا ہے۔ جس نے اندھوں کی آنکھیں اور بہروں کے کان کھولے ہیں۔ اگر آپ دھوکا کھانا نہیں چاہتے تو یسوع کی پیروی کریں اور اس کی بات سنیں۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

تکوین 49:2۔8،10 زبور 71

رنگ جامنی

متی 1:1۔17

**مرکزی آیت: ''ابراہام سے اسحاق پیدا ہوا۔'' متی 1:2**

ہم کرسمس کے نوینہ کا آغاز ایک ایسے حوالے سے کرتے ہیں جو پہلی نظر میں عجیب لگتا ہے۔کیا آپ یسوع کے آباؤاجداد کی نسلوں میں دلچسپی نہیں رکھتے؟ تاہم ہمارے لئے یہ جاننا مفید ہے کہ عمانوئیل یعنی'' خدا ہمارے ساتھ ہے''، یعنی یسوع بالکل ہمارے جیسے گنہگار یا شائد اس سے بدتر انسانوں کی نسل سے آیا ہو۔لہذا ہمیں یہ جان کر بھی حیرت نہیں ہوتی کہ اس کے آباؤاجداد میں بدنام خواتین اور غیر ملکی بھی شامل ہیں۔لہذا ہم اپنے خاندان کے شجرۂ نسب پر شرمندہ نہیں ہوں گے۔یسوع واقعی ہمیں نجات دیتا اور ہر برائی سے بچاتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 18۔دسمبر | سالِ اوّل آمد کے ایام کرسمس کا نوینہ | جمعہ |
|---|---|---|

ارمیا23:5۔8 زبور71

رنگ جامنی

متی1:18۔24

## مرکزی آیت:''اس کا نام عمانوئیل رکھا جائے گا۔'' متی1:23

اس کا نام عمانوئیل ہوگا، یہ فرشتے کے الفاظ ہیں جو خواب میں سنے جاتے ہیں۔کیا یہ سچ ہوں گے؟ اسے عمانوئیل کی بجائے یسوع کہا گیا۔لیکن دونوں الفاظ کے معنی ایک ہی ہیں۔ عمانوئیل کا مطلب ہے''خدا ہمارے ساتھ ہے'' اور یسوع کا مطلب ہے:''خدا نجات دیتا ہے۔''یعنی اگر خدا ہمارے ساتھ ہے،تو ہم بچا لئے گئے اور محفوظ ہیں۔کیونکہ خدا ہمارے ساتھ ہے،ہم یسوع سے محبت کریں گے۔کیونکہ وہ خدا ہے اور ہمیشہ ہمارے ساتھ ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

قضات 13:2۔7،24۔25 زبور 70

رنگ جامنی

لوقا 1:5-25

مرکزی آیت: ’’تیری دعا قبول ہوئی۔‘‘ لوقا 1:13

یسوع کو جاننے کے علاوہ ہمیں اس شخص کو بھی جاننے کا تحفہ دیا گیا ہے۔ جو ہمیں یسوع سے متعارف کروانے کے لئے بھیجا گیا، وہ کون ہے؟ وہ اپنے والدین کی دعاؤں کی بدولت دنیا میں آیا۔ ان کی دعا خدا نے اس وقت قبول کی جب وہ توقع نہیں کر رہے تھے۔ اس کی پیدائش بہتوں کے لئے خوشی لے کر آئی۔ اور اس کا نام یوحنا رکھا گیا۔ یعنی ’’خدا کی بھلائی‘‘ یا ’’خدا کی محبت‘‘۔ دعائیں کبھی بے فائدہ نہیں ہوتیں۔ خدا انہیں سنجیدگی سے لیتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 20۔دسمبر | سالِ دوئم آمد کا چوتھا اتوار | اتوار |
|---|---|---|

2۔سموئیل 7:1۔5،8۔12،14۔16 زبور 88

رومیوں 16:25۔27 لوقا 1:26۔38

رنگ جامنی

**مرکزی آیت: ''وہ یعقوب کے گھرانے پر ابد تک سلطنت کرے گا۔'' لوقا 1:33**

آج ہماری نظر اور توجہ مریم کے بیٹے کی طرف ہے۔ وہ ابھی پیدا نہیں ہوا، لیکن وہ ان الفاظ میں موجود ہے۔ جو فرشتہ مستقبل کی ماں سے کہتا ہے: ''وہ ہمیشہ حکمرانی کرے گا۔'' کون جانتا ہے کہ مریم نے اس سے کیا سمجھا۔ کیا کوئی عالیشان محل ہوگا جس کی حفاظت کرنی ہوگی؟ کیا وہاں خادم ہوں گے؟ یا محافظ یا سپاہی؟ اس بادشاہ کی ماں کے لئے حیرت انگیز واقعات رونما ہونے والے تھے۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................



## مقدس پطرس کنئیس

رنگ جامنی

نشیدالانشید 2:8۔14 یا صفن یاہ 3:14۔17 | زبور 32

لوقا 1:39۔45

### مرکزی آیت: ”اسرائیل کا بادشاہ خداوند تیرے درمیان ہے۔“ صفن یاہ 3:15

نبی بڑے الفاظ استعمال کرتا ہے، جو ہمیں خواب دیکھنے پر مجبور کرتے ہیں۔ یہ بادشاہ اسرائیل کی خوشی کی وجہ ہوگا۔ وہ ہر خوف کی وجہ کو ختم کر دے گا۔ درحقیقت خوشی اسی وقت شروع ہوگئی تھی جب مریم الیصبات کے گھر کی دہلیز پار کرنے کو تھی۔ یہ ایک ایسی خوشی تھی جو مریم کی پوری زندگی میں سرایت کرتے ہوئے اس بچے تک جا پہنچی، جو جلد پیدا ہونے والا تھا۔ اور اسی بچے کی خوشی اس کی ماں کے منہ کو کھول دیتی ہے۔ تاکہ وہ برکت کے الفاظ کہے۔

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

1۔سموئیل 1:24۔28 زبور: 1۔سموئیل 2:1،4۔8

رنگ جامنی

لوقا 1:46۔55

**مرکزی آیت: ''میری جان خداوند کی تمجید کرتی ہے۔'' لوقا 1:46**

مریم خدا کی تعریف کر کے الیصبات کی مبارک باد کا جواب دیتی ہے۔ وہ ان کی اور ان کے پیدا ہونے والے بچوں کی زندگیوں کا مرکزی کردار ہے۔ خدا اس قدر عظیم ہے کہ ہم اس کی عظمت کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ ہماری روح خوشی منائے بغیر نہیں رہ سکتی۔ کیونکہ اسی طرح سے ہم ان الفاظ کی گواہی دے سکتے ہیں، جن کو بیان نہیں کیا جا سکتا۔ آئیے! مریم کے الفاظ دہرائیں، چاہے وہ ہماری سمجھ سے بالاتر ہی کیوں نہ ہوں۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................


..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## کیٹی کا مقدس یوحنا

رنگ جامنی

ملاکی 3:1۔4، 23۔24

زبور 24

لوقا 1:57۔66

### مرکزی آیت: ''دیکھو، عہد کا پیامبر آتا ہے۔'' ملاکی 3:1

وہ کون ہے جو عہد کا پیامبر یا فرشتہ ہے، جو پانی اور آگ سے غسل دے کر پاک کرنے آئے گا؟ انجیل مقدس سے ہم جانتے ہیں کہ یہ فرشتہ کون ہے؟ یہ وہی ہے جو دھوئے گا اور جلائے ہوئے دلوں کو گہری توبہ اور تبدیلی کے لئے تیار کرتا ہے۔ وہ یوحنا ہے۔۔۔ یعنی وہ بچہ جسے ایک نیا نام دیا جاتا ہے۔ ایسا نام جو ہمیں خدا سے بلا خوف و خطر ملنے دے گا۔ درحقیقت، اس کا نام یہ ظاہر کرتا ہے کہ جو آتا ہے، وہ سزا دینے نہیں آئے گا، بلکہ محبت کرنے آئے گا، اور یوں انسانوں کو اپنے بچوں کی طرح بلند کرے گا۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

2۔سموئیل 7:1۔5،8۔12،14،16 زبور 88

رنگ سفید

لوقا 1:67۔79

**مرکزی آیت: ''اس نے ہمارے لئے قرنِ نجات نصب کیا۔''لوقا 1:69**

آیئے! ذکریا کی دعا سنیں، جسے نو ماہ کے شک وشبہ کے بعد اپنا منہ کھولنے کی توفیق دی گئی۔اس کا بچہ ایک ایسے دوسرے بیٹے کا گواہ ہے جو پیدا ہوگا،اوراس کے بچہ سے کہیں زیادہ اہم ہوگا۔بے شک،وہ ایک نجات دہندہ ہوگا،یعنی خدا کا ہاتھ جو سب کے حق میں مداخلت کرتا ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

| جمعہ | عیدِ ولادت المسیح | 25۔دسمبر |
|---|---|---|

رنگ سفید

## آدھی رات کی عبادت



اشعیا9:1۔6 زبور95

طیطس2:11۔14 لوقا2:1۔4

## صبح کی عبادت

اشعیا52:7۔10 زبور97

عبرانیوں1:1۔6 یوحنا1:1۔18

**مرکزی آیت:''اور کلمہ خدا کے ساتھ تھا۔''یوحنا1:1**

یوحنا رسول مشکل الفاظ میں گہرے معانی کے ساتھ یسوع کے بارے میں بات کرتا ہے۔''کلمہ'' وہی کلمہ ہے جسے خدا چاہتا ہے کہ ہم تک پہنچے۔ یہ کلمہ اس کے دل کی وہ تمام محبت ہے، جسے وہ ہمارے دل تک پہنچانا چاہتا ہے۔اور بیت الحم کے اصطبل میں پیدا ہونے والا بچہ وہی کلمہ ہے، جسے اسطرح کہا گیا ہے کہ ہر کوئی، یہاں تک کہ بھیڑوں کے چرواہوں اور دوسری قوموں کے دانا لوگ بھی اسے قبول کرسکیں اور سمجھ سکیں۔

.........................................................

.........................................................


.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

| ہفتہ | سالِ اوّل کرسمس کے ایام | 26۔دسمبر |
|---|---|---|



| رنگ سرخ | مقدس اسٹیفن کی عید |
|---|---|

زبور30 اعمال8:6۔10،12؛7:54۔60

متی10:17۔22

**مرکزی آیت:" یہ باپ کا روح ہے جو تم میں بولتا ہے۔" متی20:10**

مقدس اسٹیفن کا دل یسوع کا مسکن ہے۔ اور یہاں تک کہ پتھروں کی بوچھاڑ کے نیچے بھی، یسوع اسے اپنے الفاظ کہنے پر مجبور کرتا ہے۔ وہی الفاظ جو صلیب پر انسانوں سے محبت کی وجہ سے یسوع کے منہ سے نکلے تھے تا کہ انسان نجات پائے۔ یہ معافی کے الفاظ ہیں جو یسوع کی انسانی نجات سے وابستگی کو ظاہر کرتے ہیں۔ اسٹیفن بھی اپنی شہادت کے بعد دنیا کا نہیں رہا، بلکہ مکمل طور پر یسوع کا ہو گیا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 27۔دسمبر | سالِ دوئم کرسمس کا پہلا اتوار | اتوار |
|---|---|---|



## پاک خداندان کی عید

رنگ سفید

تکوین 15:1۔6؛ 21:1۔3

زبور 104

عبرانیوں 8:11، 11۔12، 17۔19

لوقا 22:2۔40

**مرکزی آیت: ''خدا کا فضل اس پر تھا۔'' لوقا 40:2**

یوحنا رسول آج خوش ہے کہ ہم اس مقدس خاندان کا جشن منا رہے ہیں، جو واحد سچا خاندان ہے، جو خدا کی پاکیزگی میں زندگی گزارتا ہے۔آج ہم اسی خاندان کو ہیکل کی طرف جاتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ جہاں ایک بوڑھا آدمی اور ایک بیوہ خاتون اسے خوش آمدید کہتے ہیں۔وہ بچے کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں، جو خدا کے فضل سے چمکتا ہے۔درحقیقت، بچہ یسوع کے والدین اپنے باپ خدا کی فرمانبرداری کی محبت میں اسے بسائے رکھتے ہیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 28۔دسمبر | سالِ اوّل کرسمس کے ایام | سوموار |
|---|---|---|



## معصوم شہید بچوں کی عید

رنگ سرخ

1۔یوحنا1:5۔ 2:2

زبور123

متی2:13۔18

**مرکزی آیت:''میں نے اپنے بیٹے کو مصر سے بلایا۔'' متی2:15**

بیت الحم کے بچے شہید ہیں، جو اپنی موت کے ذریعے زمین پر داؤد کے بیٹے کی موجودگی، یعنی خدا کی انسانوں کے لئے محبت کے گواہ ہیں۔ پاک خاندان کا مصر کو فرار اور واپسی صحائف مقدسہ کی تکمیل ہے، جو ہمیں آگاہ کرتے ہیں کہ ساری تاریخ ہمارے خدا اور باپ کے محفوظ ہاتھوں میں ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| منگل | سالِ اوّل کرسمس کے ایام | 29۔دسمبر |
|---|---|---|

1۔یوحنا2:3۔11

زبور5

رنگ سفید

لوقا2:22۔35

**مرکزی آیت:''جو اپنے بھائی سے محبت رکھتا ہے وہ نور میں رہتا ہے۔'' 1۔یوحنا2:10**

یسوع کی موجودگی دنیا کو مکمل طور پر بدلتی ہے۔ باپ کی اپنی اولاد کے لئے محبت ظاہر ہوگئی ہے۔ اور اسی وجہ سے انسانوں کے درمیان محبت ممکن ہوگئی ہے۔ یہاں تک کہ وہ ایک دوسرے کو بھائی سمجھ سکیں۔ محبت نے ساری مخلوق کو روشنی سے جگمگا دیا ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

1۔یوحنا2:12۔17

زبور95

رنگ سفید

لوقا2:36۔40

**مرکزی آیت:"جو خدا کی مرضی پر چلتا ہے وہ ہمیشہ قائم رہتا ہے۔" 1۔یوحنا2:17**

دنیا فنا ہو جاتی ہے، کیونکہ یہ اس شہوت پرستی پر زندہ ہے جو موت پیدا کرتی ہے۔اس کے برعکس جو کوئی خدا کی مرضی پر عمل کرتا ہے، خدا اس کو خوش آمدید کہتا ہے؛ وہ ابدی ہو کر ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔لہذا آیئے! یوحنا رسول کی بات سنیں جو ہمیں نصیحت کرتا ہے کہ دنیا اور اس کی چیزوں سے محبت نہ کریں۔یہ ہمارے لئے مناسب نہیں ہے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................



## مقدس سلویسٹر

رنگ سفید

1۔یوحنا 2:18۔21

زبور 95

یوحنا 1:1۔18

**مرکزی آیت: ''اور اس میں زندگی تھی۔'' یوحنا 4:1**

سال کے اختتام پر ہم اب بھی مقدس انجیل کے آغاز کو سنتے ہیں۔واضح رہے کہ انجیل کو سمجھنے اور اسے اپنانے کیلئے، ہمیں روزانہ اسے پڑھنا چاہئے۔ہم اپنے دل کو ایک وقت میں ایک ہی لفظ سے بھرتے ہیں۔''یعنی'' اسی میں زندگی تھی۔'' کیا ہم وہی زندگی گزارنا چاہتے ہیں؟ آیئے! یسوع کی تلاش کریں، جو ہمیں خدا کی زندگی دینے آیا، یعنی اس کی محبت کی بھرپوری۔تب ہم اِس نئے سال کے آغاز کے لئے تیاری ہوں گے تا کہ اُس میں وہ زندگی گزاریں جو کبھی موت کو نہیں چاہتی!

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................